© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ

نام کتاب :- منشور قرآن ( مضامین قرآن کا سہ لسانی اشاریہ ) ۔ مؤلف :- عبدالحکیم ملک صاحب
ضخامت :- ۶۷۷ صفحات ۔ قیمت :- ۵۵۰ روپے ۔ ملنے کا پتہ :- عامر پبلیکیشنز ۹ رحیم آباد ، پنجند روڈ مظفر گڑھ

ایک ایسی کوشش جس سے ایمان کو طراوت ایقان کو جلا اور روح کو بالیدگی ملتی ہے جناب عبدالحکیم ملک کی " منشور قرآن " ہے ۔ موصوف نے حرمین شریفین کی عطر بیز فضاؤں میں جس اہم کاوش کیطرف دل ودماغ متوجہ کئے تھے بالآخر آپ کی یہ سترہ سالہ محنت شاقہ بار آور ثابت ہوئی اور نہ صرف امت مسلمہ پر احسان عظیم فرمایا بلکہ وہ غیر مسلم جوکہ عربی یا اردو سے ناآشنا ہیں اور انگریزی سمجھتے ہیں ان کو بھی اس کتاب مبین پر غور وتدبر کیطرف دعوت دی ۔ شان رحیمی سے یہ قوی امید ہے کہ موصوف کی یہ محنت آخرت میں ان کیلئے بہترین زاد کے طور پر قبول فرمائیں وہ کام جس کیلئے کئی ادارے مستقل اکیڈیمیاں اور جماعتیں درکار تھیں ملک صاحب نے تن تنہا انجام دیکر ایک عالم کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے ۔ زیر نظر کتاب درحقیقت مضامین قرآن کا سہ لسانی اشاریہ ہے جس کا عربی نام " موشور القرآن " ( اشارہ سے ماخوذ ) اردو نام " منشور قرآن " اور انگریزی نام ( Quranic Prism) ہے اس کا عربی متن قرآن کریم کے منظور شدہ نسخے سے لیا گیا ہے جبکہ اردو ترجمہ کیلئے مولانا تھانوی ، مولانا فتح محمد جالندھری اور مولانا مودودی کی اردو تفاسیر سے استفادہ کیا ہے اور انگریزی ترجمہ مارمادوک پکھتال سے مستعار ہے ، اس طرح فہم قرآن تک اس منشور قرآن کے ذریعہ رسائی سہل اور آسان ہوگئی ہے ۔ " منشور قرآن " میں مصنف نے ایسا التزام کیا ہے کہ ہر موضوع کے متعلق مختلف قرآنی آیات مرکزی عنوان کے تحت جمع کردئے ہیں ہر آیت کے ساتھ نمبر پارہ اور سورۃ کا حوالہ بھی درج ہے تاکہ بوقت ضرورت تلاش وتتبع میں آسانی ہو ۔ اور مزید تسہیل کیلئے مرتب نے دوسو ابواب کے ضمن میں دو ہزار ذیلی عنوانات اور تین سو متعلقہ حوالہ جات دئے ہیں ۔ اس طرح گویا یہ منشور قرآن عالمی سطح کی ریفرنس بک ہے ۔

نام کتاب :- شمائل ترمذی اردو ترجمہ وشرح :- افادات :- حضرت مولانا صوفی عبدالحمید صاحب سواتی
مرتب :- الحاج لعل دین ایم اے علوم اسلامیہ ۔ صفحات :- ۵۰۸ ۔ قیمت :- ۱۳۰ روپے
ناشر :- مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ

مجموعہ احادیث میں شعبہ شمائل انتہائی دلربا ، ایمان افرین اور روح پرور موضوع ہے ۔ اس



© rasailojaraid.com